سبق - 5

# کفایت شعاری

روپیہ پیسہ اسی لیے ہوتا ہے کہ اسے اپنی ضرورتوں پر خرچ کیا جائے لیکن کبھی کبھی ہم سوچے سمجھے بغیر ضرورت سے زیادہ خرچ کر دیتے ہیں۔ اسے فضول خرچی کہتے ہیں۔ فضول خرچی کا نقصان یہ ہے کہ بہت سے غیر ضروری کاموں میں روپے خرچ ہو جاتے ہیں اور ضروری کاموں کے لیے ہم قرض مانگتے پھرتے ہیں۔ خواہ مخواہ قرض لینا اچھی بات نہیں ہے۔

جو لوگ اپنی آمدنی اور خرچ میں توازن رکھتے ہیں، وہ کفایت شعار کہلاتے ہیں۔ کفایت شعاری سے کام لینے والے کبھی مالی پریشانی کا شکار نہیں ہوتے۔ کچھ لوگ جھوٹی شان و شوکت ظاہر کرنے کے لیے بے تحاشا خرچ کرتے ہیں۔ چاہے اس کے لیے انھیں قرض ہی کیوں نہ لینا پڑے۔ شادی بیاہ میں فضول خرچی ایک رسم سی بن گئی ہے۔ فضول خرچی کرنے والے اس بات سے بہت خوش ہوتے ہیں کہ دوسروں پر ان کا رعب پڑ رہا ہے۔ لیکن سچّائی یہ ہے کہ لوگ منہ پر تو ان کی تعریف کرتے ہیں مگر پیٹھ پیچھے ہنستے ہیں۔ مہمانوں کی خاطر تواضع کرنا اور اپنی ضرورتیں پوری کرنا بُری بات نہیں ہے۔ خرابی اس وقت پیدا ہوتی ہے جب ہم اپنی حیثیت سے زیادہ خرچ کرتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں تنگ دستی کا شکار ہو جاتے ہیں۔



کبھی کبھی ہم غیر ضروری خرچ کو بھی ضروری سمجھ لیتے ہیں۔ اخبار، ریڈیو اور ٹیلی ویژن میں طرح طرح کے اشتہارات آتے رہتے ہیں۔ یہ اشتہار اس طرح پیش کیے جاتے ہیں کہ ہمیں ہر چیز ضروری محسوس ہوتی ہے۔ ہم وہ چیز

© NCERT not to be republished

بھی خرید لاتے ہیں جس کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس طرح خواہ مخواہ اخراجات بڑھا لیتے ہیں۔

کفایت شعاری کا یہ مطلب نہیں کہ ہم ضرورت کے موقع پر بھی خرچ نہ کریں۔ بہت سے لوگ خرچ کرنے سے جی چُراتے ہیں۔ انھیں دولت جمع کرنے کا شوق ہوتا ہے۔ ایسے لوگ کنجوس کہلاتے ہیں۔ جس طرح فضول خرچی بُری ہے، اسی طرح کنجوسی بھی اچھّی نہیں ہے۔ ہمیں کنجوسی سے بھی بچنا چاہیے اور ہمیشہ اعتدال کے ساتھ خرچ کرنا چاہیے۔ اسی میں عافیت ہے۔

# مشق

## 1۔ پڑھیے اور سمجھیے:

| | | |
|---|---|---|
| خواہ مخواہ | : | بلا وجہ، بے ضرورت |
| توازن | : | برابری |
| کفایت شعار | : | احتیاط کے ساتھ خرچ کرنے والا، غیر ضروری خرچ سے بچنے والا |
| خاطر تواضع | : | آؤ بھگت، مہمان نوازی |
| تنگ دستی | : | غریبی |
| اشتہارات | : | اشتہار کی جمع |
| اخراجات | : | خرچ |
| جی چرانا (محاورہ) | : | کام سے بچنا |
| اعتدال | : | درمیانی درجہ، نہ کمی نہ زیادتی |
| عافیت | : | سکون، آرام |

© NCERT not to be republished

## 2۔ سوچیے اور بتائیے:

1۔ فضول خرچی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

2۔ کفایت شعاری کیا ہے؟

3۔ کچھ لوگ بے تحاشا کیوں خرچ کرتے ہیں؟

4۔ اپنی حیثیت سے زیادہ خرچ کرنے کا کیا نتیجہ ہوتا ہے؟

5۔ کفایت شعاری اور کنجوسی میں کیا فرق ہے؟

## 3۔ نیچے دیے ہوئے لفظوں کی مدد سے خالی جگہوں کو بھریے:

اعتدال خواہ مخواہ مالی پریشانی عافیت اخراجات رسم سی

1۔ ..................قرض لینا اچھی بات نہیں ہے۔

2۔ کفایت شعاری سے کام لینے والے کبھی ................کا شکار نہیں ہوتے۔

3۔ شادی بیاہ میں فضول خرچی ایک ....................بن گئی ہے۔

4۔ اس طرح خواہ مخواہ ....................بڑھا لیتے ہیں۔

5۔ ہمیشہ ....................کے ساتھ خرچ کرنا چاہیے۔اسی میں ...............ہے۔

## 4۔ نیچے دیے ہوئے محاوروں اور لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے:

شکار ہونا توازن رعب جی چُرانا عافیت

## 5۔ نیچے دیے ہوئے لفظوں کو خانوں کے مطابق لکھیے:

رسم نقصانات وقت مواقع اشتہار رسوم نقصان اشتہارات موقع اوقات

| واحد | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جمع | | | | | |

## 6۔ عملی کام:

☆ اس سبق میں لفظ 'غیر ضروری' استعمال ہوا ہے۔ یہ دو لفظوں 'غیر' اور 'ضروری' سے مل کر بنا ہے اور 'ضروری' کا متضاد ہے۔ اسی طرح بہت سے لفظوں سے پہلے 'غیر' لگا کر متضاد الفاظ بنائے جا سکتے ہیں۔ جیسے حاضر سے غیر حاضر۔ آپ بھی ایسے ہی پانچ متضاد لفظ بنائیے۔

© NCERT not to be republished